ilmkidunya

Principles of Accounting (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Accounting Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Test

Q1. غیر معمولی نقصانات کو کنسائنمنٹ میں کیسے درج کیا جاتا ہے.

Ans 1: غیر معمولی کنسائنمنٹ کے منافع کو بہت زیادہ متاثر کرتے ہیں تو غیر معمولی نقصانات کو کنسائنمنٹ کے اکاؤنٹ میں نہیں ڈالا جاسکتا بلکہ اس کی قیمت لگا لینے کے بعد اسے کنسائمنٹ اکاؤنٹ سے نکال کر نفع و نقصان کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کر لیا جاتا ہے.

Q2. بیرونی کنسائنی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: جب کنسائنی کی طرف سے کنسائنی کو مال فروخت کرنےکے لیے بھیجا جاتا ہے تو اسے کنسائنی کے نقطہ نظر سے اندرونی کنسائنمنٹ کا نام دیا جاتا ہے.

Q3. عام نقصان سے کیا مراد ہے.

Ans 1: عام نقصان کو ہم متوقع نقصان بھی کہہ سکتے ہیں. - یہ ایک ایسا نقصان ہے جو مال کی نوعیت کے لحاظ سے ہمیشہ متوقع ہوتا ہے. جیسے کہ اگر ہم مٹی یا کوئلہ دوسری جگہ بھیجیں تو یہ مال کی نوعیت ایسی ہے کہ اگر اپنی منزل تک پہنچنے تک اس کے وزن میں کمی ائے تو ہم اسے عام نقصان کہیں گے.

Q4. پرفارما انوائس سے کیا مرادہے.

Ans 1: پرفارماانوائس دراصل ایک ایسی سٹیتمنٹ کا نام ہے جو مال کا مالک یعنی کنسائنز کنسائنی کا بھیجتا ہے جس سے مال سے متعلقہ تفصیل یعنی مقدار کوالٹی ، قیمت اور اس پر برداشت کیے گئے اخراجات درج ہوتے ہیں.

Q5. غیر معمولی نقصان کیا ہوتا ہے.

Ans 1: بعض اوقات کنسائنمنٹ کے زریعے بھیجے ہوئے مال سے حادثات یا نگہانی آفات کی وجہ سے بہت زیادہ یا غیر معمولی نقصان ہوتا ہے تو پھر اس نقصان کا بوجھ سارے مال کی قیمات میں نہیں ڈالا جاسکتا اس لیے کہ اگر دوسرے مال کی قیمت فروخت بہت برھ جائے تو اور مارکیٹ میں مقابلہ نہ کیا جاسکتا تو پھر یہ مناسب سمجھا جاتا ہے. کے غیر معمولی نقصان کی الگ سے قیمت لگا ر پرافٹ اینڈ لاس کو ڈیبٹ کر دیا جائے.

Q6. غیر فروخت شدہ کنسائمنٹ کے مال سے کیا مراد ہے.

Ans 1: جتنا مال کنسائینی ساے ایک خاص عرصہ میں فروخت نہ کرسکے اور اس کے پاس پڑا ہوا اسے غیر فروخت شدہ مال کہا جاتا ہے.

Q7. بالواسطہ اخراجات کیا ہوتے ہیں.

Ans 1: ایسے تمام اخراجات جو مال کنسائینی کے گودام میں پہنچنے کے بعد برداشت کیے جاتے ہیں- جیسے گودام کا کرایہ مال کا بیمہ فروخت سے متعلق اخراجات اور دیگر بالواسطہ اخراجات .

Q8. کنسائمنٹ کا ایڈوانس کیا ہوتا ہے.

Ans 1: یہ عام طور پر مال کا مالک یعنی کنسائینی کو مال بھیجنے سے پہلے کچھ رقم یا کوئی اور دستاویز لکھوالیتا ہے تاکہ اس کے پاس بطور ضمانت کے موجود ہو اس کو ہم کنسائننت کا ایدوانس کیتے ہیں.

Q9. نوائس قیمت جو اصل قیمت یا قیمت خرید سے زیادہ لگائی جاتی ہے . اس سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اکثر اوقات مال کا مال ک کنسائنز اشیاء کنسائل کو بھیجتے وقت آصل قیمت سے زیادہ قیمت لگا کر بھیجتا ہے اور کنسائنی ایجنٹ کو اصل قیمت ظاہر نہیں کرتا. دراصل قمیت خرید سے زیادہ قیمت لگانے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ کنسائنی سے اصل قیمت پوشیدہ رکھی جائے اور کنسائینی کو منافع کا علم نہ ہو.

Q10. کنسائنز اور کنسائنی کے درمیان کیا تعلق ہوتا ہے.

Ans 1: ان کے درمیان ایک مالک اور ایجنٹ کا ہوتا ہے. کنسائنز مالک کو کہتے ہیں اور کنسائنی ایجنٹ کو.